13369 ـ بغير وضوء كيے سعي كرنا

سوال

جب ميں نے صفامروہ كي سعي كي تومیرا وضوء ختم ہوگيا اور ميں وضوء كرنے باہر نہ نكل سكا اور اسي طرح طواف وداع ميں بھي ميرےساتھ ايسا ہي ہوا لھذا بغير وضوء طواف اور سعي كرنےوالے كا حكم كيا ہوگا جزاكم اللہ خيرا ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

صفا مروہ كے مابين آپ كي سعي صحيح ہے اگرچہ بغير وضوء ہي ہو ، كيونكہ سعي ميں وضوء كي شرط نہيں ، ليكن طواف وداع صحيح نہيں اس ليے كہ وضوء طواف كي شروط ميں شامل ہے اس ليے جب تك آپ مكہ ميں ہيں طواف دوبارہ كريں ، اور اگر آپ اپنے ملك سفر چكے ہيں تو آپ كے ذمہ دم ہے جومكہ مكرمہ ميں ذبح كركے وہاں كے فقراء ميں تقسيم كيا جائے گا .

اللہ تعالي ہي توفيق بخشنے والا ہے اوراللہ تعالي ہمارے نبي محمد صلي اللہ عليہ وسلم اور ان كي آل اور صحابہ كرام پر اپني رحمتيں نازل فرمائے .